www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com

یعنی جب تم موذن کی اذان سنو تو جس طرح موذن کہتا ہے تم بھی اسی طرح کہو۔ لیکن اس عموم کا اطلاق "حیعلتین" کا ماسوا پر ہوگا کیونکہ "صحیح مسلم" میں حضرت عمر کی روایت میں بالصراحت موجود ہے کہ (حی علی الصلوۃ) اور (حی علی الفلاح) کی جگہ (لاحول ولا قوۃ الا باللہ) کہنا ہوگا۔ اس حدیث کے تحت امام کرمانیؒ فرماتے ہیں۔ (قَالَ "مِثْلَ مَا يَقُولُ" وَلَمْ يَقُلْ "مِثْلَ مَا قَالَ" يُشْعِرُ بِأَنَّهُ يُجِيبُ بَعْدَ كُلِّ كَلِمَةٍ مِثْلَ كَلِمَتِهَا) یعنی حدیث میں بصیغہ مضارع یقول کے الفاظ ہیں۔ بصیغہ ماضی (قال) کے نہیں تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ جواب ہر کلمہ کے بعد دینا ہوگا۔ حافظ ابن حجرؒ فرماتے ہیں کہ "نسائی" کی روایت اس بارے میں مصرح ہے جس کے الفاظ یوں ہیں۔

إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ كَمَا يَقُولُ الْمُؤَذِّنُ حَتَّى يَسْكُتَ

یعنی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اذان کے کلمات اسی طرح دہراتے جس طرح موذن کہتا حتی کہ وہ خاموشی اختیار کرتا۔ اور "صاحب المرعاۃ" فرماتے ہیں کہ اس سے بھی حضرت عمرؓ کی حدیث زیادہ واضح ہے جو "صحیح مسلم" میں بایں الفاظ مروی ہے کہ

(إِذَا قَالَ الْمُؤَذِّنُ اللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ فَقَالَ أَحَدُكُمُ اللهُ أَكْبَرُ اللهُ أَكْبَرُ ثُمَّ قَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ قَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ ثُمَّ قَالَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ قَالَ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللهِ .... الْحَدِيثَ)۔ ان روایات میں بصورت جواب موذن کی پیروی کی صراحت موجود ہے ظاہر ہے کہ ایک ہی وقت میں سب کی پیروی نہیں ہو سکتی۔ اس سے معلوم ہوا کہ ایک ہی اذان کا جواب کافی ہے جبکہ حدیث میں تعبیر بھی بصیغہ افراد "المؤذن" اس امر کی موید ہے۔ واللہ اعلم بالصواب

۲۔ فوت شدہ نماز حاضر سے پہلے پڑھی جائے یا بعد میں؟

سوال غیر واضح ہے غالبًا مقصود یہ ہے کہ فوت شدہ نماز کی قضا حاضر نماز سے پہلے دی جائے یا بعد میں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ فوت شدہ نماز کی قضا پہلے دی جائے اور بعد میں موجودہ نماز کو ادا کیا جائے۔ اس مسئلہ پر امام بخاریؒ نے بایں الفاظ تبویب قائم کی ہے۔

بَابُ قَضَاءِ الصَّلَوَاتِ الْأُولَى فَالْأُولَى

یعنی فوت شدہ نماز کی قضا بالترتیب ہے پھر مصنف رحمہ اللہ نے "قصہ خندق" سے استدلال کیا ہے جبکہ آپ کی نماز عصر قضا ہو گئی تھی۔ تو غروب شمس کے بعد آپ نے پہلے نماز عصر

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ